Roll No...

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **7**

UGA–115 (A)

B.A. (Part–II) Due Ist Year Examination, 2021

URDU

Paper – I

(Prose and Drama)

*Time : **1½** Hours*] [*Maximum Marks : **100***

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(Marks : 20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں لکھئے۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) ''باغ و بہار'' کے مصنف کا نام کیا ہے اور یہ کتاب کس کالج کے لئے لکھی گئی؟

(ii) ''لکھنؤ کی رئیسانہ زندگی'' سبق کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

(iii) مراسلے کو مکالمہ کس نے بنایا؟

(iv) ''حالی'' سبق کس نے لکھا ہے؟

(v) ''سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ'' سبق کس نے لکھا ہے؟

(vi) سر سید احمد خاں کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(vii) ''یادگارِ غالب'' کے مصنف کون ہیں؟

(viii) ''توبۃ النصوح'' کے مصنف کا نام لکھیے۔

(ix) ''نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی'' کتاب کے مصنف کون ہیں؟

(x) علامہ شبلی نعمانی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

SECTION–B

(حصہ-ب)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔ جواب 200 الفاظ سے زائد نہ ہو۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے:

(الف)

قومی ترقی مجموعہ ہے شخصی ایمان داری، شخصی ہم دردی کا۔ اسی طرح قومی تنزل مجموعہ ہے شخصی سستی، شخصی بے عزتی، شخصی بے ایمانی، شخصی خودغرضی کا اور شخصی برائیوں کا۔ ناتہذیبی و

بدچلنی جو اخلاقی وتمدنی یا باہمی معاشرت کی بدیوں میں شمار ہوتی ہے، درحقیقت وہ خود اسی شخص کی آوارہ زندگی کا نتیجہ ہے۔ اگر ہم چاہیں کہ بیرونی کوشش سے ان برائیوں کو جڑ سے اکھاڑ ڈالیں اور نیست و نابود کردیں تو یہ برائیاں کسی اور نئی صورت میں اس سے بھی زیادہ زور شور سے پیدا ہوجاویں گی جب تک شخصی زندگی اور شخصی چال چلن کی حالتوں کی ترقی نہ کی جاوے۔ اے میرے ہم وطنو! اگر یہ رائے صحیح ہے تو اس کا نتیجہ یہ ہے کہ قوم کی سچی ہمدردی اور سچی خیرخواہی کرو۔ غور کرو کہ تمہاری قوم کی شخصی زندگی اور شخصی چال چلن کس طرح پر عمدہ ہوتا ہے کہ تم بھی ایک معزز قوم بنو۔ کیا جو طریقہ تعلیم وتربیت کا، بات چیت کا، وضع ولباس کا، سیر سپاٹے کا، شغل و اشغال کا تمہاری اولاد کے لئے ہے، اس سے ان کے شخصی چال چلن، اخلاق و عادات، نیکی وسچائی میں ترقی ہوسکتی ہے۔

(ب)

خوجی پرانی حقیقت کا زندہ پیکر ہے۔ آزاد نئی حقیقت کا ترجمان ہے۔ ماضی اپنے

حدود میں واضح ہے، وہ ظرافت کا نشانہ ہے۔نئی حقیقت ابھی اپنی تلاش میں ہے اور اسی لئے پوری طرح واضح نہیں ہے۔خوجی کی سیرت اپنے اخلاقی اور ذہنی محرکات اور سماجی عوامل کے ساتھ نئے زمانے سے متصادم ہو کر فنی خوبیوں کے ساتھ نمایاں ہو جاتی ہے لیکن آزاد ابھی تک شک میں گرفتار ہے۔وہ متوازن نہیں ہے اور ایک نصب العین کو ماننے کے باوجود اپنے ماحول کے بار سے دبا ہوا ہے۔

خوجی ایک مردہ حقیقت اور زندہ کردار ہے۔آزاد ایک زندہ حقیقت اور ایسا کردار ہے جس کے اندرون ایک وعدہ چھپا ہوا ہے۔وہ خوجی کی طرح تراشا ہی نہیں جا سکتا تھا۔اس میں جمالیاتی وحدت نہیں ہے کیوں کہ اس کی سیرت میں اُس دور کے شک اور شبہ کو دخل ہے لیکن اسی کے ساتھ اس میں خامیوں کے کچھ اور وجوہ بھی ہیں جنھیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

3 حالؔی کی نثر نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

4 سر سید احمد خاں کی نثر نگاری کے امتیازی اوصاف بیان کیجئے۔

5 ''نذیر احمد کی کہانی'' سبق کا خلاصہ قلم بند کیجئے۔

6 ''اچھی کتاب'' سبق کا خلاصہ لکھئے۔

7 ڈرامے کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔

8 کرشن چندر کی ڈرامہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کن ہی دو (2) سوالوں کے جواب پانچ سو (500) الفاظ میں تحریر کیجئے۔

سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

9 احتشام حسین کے مضمون ''تنقید کے اصول'' کا جائزہ لیجئے اور اس کے بنیادی مباحث بیان کیجئے۔

10 غالب کی خطوط نگاری کا جائزہ لیجئے۔

11 ''دروازے کھول دو'' کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

12 مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھئے:

(i) داستان۔

(ii) ناول۔

(iii) افسانہ۔

(iv) تذکرہ۔